# PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

**Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267**
**Fax No. 091-9210258**

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

**Session 21st**

**Notice No.** 2334

**Received Dated** 28 / 02 /2022

**Admitted Dated** 03 / 03 /2022

**Department** **Health**

توجہ دلاؤ نوٹس 2334

منجانب: محترمہ حُمیرا خاتون صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ عالمی وباء 19 COVID کے دوران خوف کے ماحول میں حکومت نے گھر گھر جاکر کورونا ٹسٹ کیلئے مریضوں سے نمونے حاصل کرنے کیلئے صوبے کے 28 اضلاع میں ڈاکٹروں اور ٹیکنیشنز پر مشتمل 280 ریپڈ رسپانس ٹیمیں تشکیل دی تھیں۔ کورونا کے وبائی مرض کے دوران خوف کے ماحول میں اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر ٹیسٹ کے لئے نمونے حاصل کرنے والی ان ٹیموں میں شامل طبی عملہ کو 11 مہینوں سے ادائیگیاں نہیں ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے یہ ملازمین گزشتہ ایک ہفتہ سے احتجاج پر ہیں اور اس کے نتیجے میں کورونا کی تشخیص کا عمل رُکا ہوا ہے۔